© rasailojaraid.com

ہو۔ مثلاً خاندان میں کوئی ایسا مرد موجود نہ ہو جو متولی بن سکتا ہو، یا موجود تو ہو مگر اس کے ہاتھ میں تولیت دینے سے بچوں کے مفاد کو خطرہ ہو۔

سوال۔ کیا آپ یہ قانون بنانے کے حق میں ہیں کہ نابالغوں کی املاک کے متولی کو یہ اختیار حاصل نہ ہو کہ وہ عدالت کی اجازت کے بغیر املاک کو فروخت یا رہن کر سکے؟

جواب۔ یہ تجویز بالکل مناسب ہے۔

## وراثت اور وصیّت

سوال (۱) کیا آپ اس تجویز کے حق میں ہیں کہ اگر پاکستان کے کسی حصے میں ابھی تک وراثت اور وصیت کے بارے میں شرعی قوانین پر عمل نہیں ہو رہا تو بلا تاخیر ایسا قانون وضع کیا جائے کہ اس بارے میں شرعی قوانین ہر حصۂ ملک پر عائد ہوں؟

سوال (۲) موجودہ قانونی ضابطے کی پیچیدگی کے پیشِ نظر عورتوں کی مجبوریوں کو رفع کرنے کے لیے کیا آپ اس تجویز کے حق میں ہیں کہ جب کبھی وراثت کے معاملے میں عورت مدعیہ ہو تو معمولی سول کورٹ اس کا مقدمہ عجلتِ انفصال کے لیے ازدواجی و عائلی عدالت میں منتقل کر دے؟

جواب۔ دونوں تجویزیں مناسب ہیں۔

سوال۔ کیا قرآنِ کریم میں کوئی نصِ صریح موجود ہے یا کسی صحیح حدیث میں یہ تعلیم ملتی ہے کہ یتیم پوتے پوتی یا نواسے نواسی کو بہر حال محروم الارث کر دیا جائے؟

جواب۔ یہ مسئلہ اُن اصولی احکام سے خود بخود نکلتا ہے جو قرآن و حدیث میں تقسیمِ میراث کے متعلق دیئے گئے ہیں، اور اس کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اس میں ردّ و بدل کر کے یتیم پوتے یا نواسے نواسی کو وارث بنانے کی جو صورت بھی تجویز کی جائے اُس سے قانونِ میراث کا وہ سارا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے جو قرآن و سنت کے اصولی احکام پر مبنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فقہائے اسلام شروع سے آج تک اس پر متفق رہے ہیں۔ یہاں چونکہ اس مسئلے کی پوری توضیح ممکن نہیں ہے اس لیے میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ جماعتِ اسلامی کے شائع کردہ پمفلٹ "پوتے کی وراثت کا مسئلہ" صفحہ ۹ تا ۴۰ ملاحظہ فرمائیں (باقی ص ۲۸۵ پر)

© rasailojaraid.com